**06.03.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

..........................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت کے امداد باہمی کے سیکٹر کو وسعت دینے کیلئے امداد باہمی کی عالمی تنظیموں کے ساتھ شراکت داری بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

☆ الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارت، اگلے تین سے چار برس کے دوران اپنا گرافکس پروسیسنگ یونٹ GPU تیار کرلے گا۔

☆ پاکستان کی ISI سے وابستہ ببّر خالصہ کا ایک دہشت گرد اترپردیش میں گرفتار کیا گیا ہے۔

☆ یوروپی رہنماؤں نے امریکہ کی جانب سے فوجی امداد روک دیئے جانے کے بعد یوکرین کی حمایت کیلئے ہنگامی میٹنگ کی۔

☆ اور...... انڈین سُپر لیگ فٹبال میں حیدرآباد کے مقام پر حیدر آباد FC اور پنجاب FC کے درمیان میچ جاری ہے۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

**PM Cooperative**

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت کے امداد باہمی کے سیکٹر کو وسعت دینے کیلئے امداد باہمی کی عالمی تنظیموں کے ساتھ شراکت داری بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ جناب مودی نے امداد باہمی کے اداروں کے ذریعے نامیاتی مصنوعات کو فروغ دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ وزیر اعظم نے آج ملک میں امداد باہمی کے سیکٹر کی پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے............

VC- Bhanu

میٹنگ کے دوران جناب مودی نے زرعی طور طریقوں میں بہتری لانے کیلئے مٹی کی جانچ کا ماڈل تیار کرنے اور برآمدات پر توجہ مرکوز کرنے پر زور دیا۔ وزیر اعظم نے مالی لین دین میں سہولت فراہم کرنے کیلئے UPI کو RuPay اور کسان کریڈٹ کارڈ کے ساتھ مربوط کرنے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے ڈیجیٹل سرکاری بنیادی

ڈھانچے Agristack کے استعمال کی سفارش کرتے ہوئے ایک زیادہ پائیدار زرعی ماڈل کے طور پر امداد باہمی پر مبنی زراعت کو فروغ دینے کے بارے میں بھی بات کی تاکہ اس شعبے میں زراعت اور متعلقہ سرگرمیوں کو وسعت دی جاسکے۔ جناب مودی نے اسکولوں، کالجوں اور انڈین انسٹی ٹیوٹ مینجمنٹ میں امداد باہمی سے متعلق کورسز متعارف کرانے کی بھی تجویز پیش کی۔

انہوں نے آنے والی نسلوں کوتحریک دینے کیلئے امداد باہمی کے کامیاب اداروں کو فروغ دینے پر بھی زور دیا۔

میٹنگ کے دوران وزیر اعظم کو گزشتہ ساڑھے تین برسوں کے دوران امداد باہمی سے متعلق قومی پالیسی اور امداد باہمی کی وزارت کی اہم حصولیابیوں کے بارے میں جانکاری فراہم کی گئی۔

بھوپیندر کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اسعداللہ

اِس میٹنگ میں امور داخلہ اور امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ اور حکومت کے سینئر افسران نے شرکت کی۔ x

## Rev. Ashwini AI

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارت، اگلے تین سے چار برس کے دوران اپنا گرافکس پروسیسنگ یونٹ GPU تیار کرلے گا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے AI ماڈل کمپیوٹیشن GPU کی قیمت دنیا میں سب سے کم ہے۔ 40 فیصد سرکاری سبسڈی کے بعد اِس کی قیمت فی گھنٹہ تقریباً 67 روپے ہے۔

نئی دلّی میں AI Koksha، AI Compute Portal اور مصنوعی ذہانت پر مبنی دیگر اقدامات کا آغاز کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ ایک سال پہلے کابینہ نے انڈیا AI مشن کو منظوری دی تھی۔ ملک نے مصنوعی ذہانت کے شعبے میں کافی کچھ حاصل کرلیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس سے پہلے حکومت نے 10 ہزار GPU تیار کرنے کا ہدف مقرر کیا تھا۔ GPU تیار کرنے کا یہ ہدف تجاوز کرکے 14 ہزار پر پہنچ گیا ہے۔

S/B: Ashwini Washnav

وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت، اگلے پانچ برس میں سیمی کنڈکٹرز، مصنوعی ذہانت اور ٹیلی مواصلات جیسے اہم ٹیکنالوجی شعبوں میں دنیا کے سرکردہ پانچ ملکوں میں سے ایک ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت، ایک اہم اور بڑی AI طاقت بننے کیلئے تیار ہے۔ اگلے مرحلے میں 100 سے 150 یونیورسٹیوں میں جدید ترین AI تحقیقی آلات دستیاب ہوں گے۔x

## Rev. BKI Terrorist

اترپردیش اسپیشل ٹاسک فورس STF اور پنجاب پولیس نے آج ایک مشترکہ کارروائی میں ببر خالصہ انٹرنیشنل BKI اور ISI ماڈیول کے ایک سرگرم دہشت گرد کو گرفتار کیا ہے جس کی شناخت Lajar Masih کے طور پر کی گئی ہے۔ اترپردیش اسپیشل ٹاسک فورس STF کے مطابق یہ کارروائی کوشامبی ضلع کے Kokhraj پولیس اسٹیشن میں کی گئی۔ سکیورٹی اہلکاروں نے دہشت گرد کے قبضے سے غیرقانونی اسلحہ اور دھماکہ خیز مواد برآمد کیا ہے، جس میں تین کارآمد

Hand Grenades دو کارآمد Detonators، تیرہ کارتوس اور ایک غیرملکی ساخت کی پستول شامل ہے۔ اترپردیش کے DGP پرشانت کمار نے بتایا کہ ملزم Masih نے پریاگ راج میں مہاکنبھ کے دوران ایک بڑے دہشت گردانہ حملے کا منصوبہ بنایا تھا۔

S/B 2100 Prashant Kumar UP DGP

## Jharkhand BJP President

جھارکھنڈ کے سابق وزیر اعلیٰ اور ریاستی BJP کے صدر بابو لال مرانڈی کو آج بھارتیہ جنتا پارٹی کی پارلیمانی بورڈ کے ذریعے مقرر کردہ مرکزی مشاہدین اور ارکان اسمبلی کی جانب سے قانون ساز پارٹی کا رہنما دوبارہ منتخب کیا گیا۔ چناؤ کیلئے مرکزی مشاہدین، بھوپیندر یادو اور K لکشمن نے آج بابو لال مرانڈی کے نام کا اعلان کیا۔ جناب مرانڈی، جھارکھنڈ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر بھی ہوں گے۔ x

## Home Tribal Exchange

امور داخلہ کے وزیرِمملکت نتیانند رائے نے آج نئی دلّی میں قبائلی نوجوانوں کے تبادلے کے پروگرام TYEP کے تحت تقریباً 200 قبائلی نوجوانوں کے ساتھ بات چیت کی۔

چھتیس گڑھ اور اڈیشہ کے قبائلی اضلاع سے تعلق رکھنے والے یہ نوجوان، فی الحال قومی راجدھانی کے دورے پر ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ بائیں بازو کی انتہا پسندی سے متاثرہ ضلعوں میں کافی ترقیاتی کام کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سڑکوں اور ریلویز کا نیٹ ورک تیار کیا گیا ہے۔ اِس کے علاوہ اِن ضلعوں میں نئے اسکول کھولے گئے ہیں۔ x

## CISF Press Meet

CISF کے ڈائریکٹر جنرل Rajwinder سنگھ Bhatti نے مطلع کیا ہے کہ اگلے دو برس میں CISF میں 20 ہزار سے زیادہ اہلکاروں کی تقرری کی جائے گی۔ آج چنئی میں نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگلے برس ہمالیہ کی چوٹی Mount Everest پر پہنچنے کیلئے خواتین کی ایک سرکردہ ٹیم زیر تربیت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سکیورٹی سے متعلق موجودہ دور کے چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ x

## Income Tax Bill Parliament

نئے انکم ٹیکس بل سے متعلق لوک سبھا کی چیدہ کمیٹی کی میٹنگ، آج نئی دلّی میں پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوئی۔ کمیٹی نے بل پر تبادلۂ خیال کرنے کیلئے انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس آف انڈیا کے ساتھ ساتھ Ernst and Young کے نمائندوں کو مدعو کیا ہے۔ 31 رکنی کمیٹی کی سربراہی، BJP کے رکن پارلیمنٹ Baijayant پانڈا کر رہے ہیں۔ x

## Delhi Metro Tunnel

دلّی میٹرو نے آج وسنت گنج میں گولڈن میٹرو لائن کی سرنگ کی کھدائی کا کام مکمل کرلیا۔ 26 کلو میٹر طویل میٹرو لائن Aerocity سے تغلق آباد کوریڈور تک کی مسافت طے کرے گی اور دلّی میٹرو ریل کارپوریشن نے اپنے چوتھے مرحلے کی توسیع کے ایک حصے کے طور پر اسے تعمیر کر رہی ہے۔

مکانات اور شہری امور کے مرکزی وزیر منوہر لال اور مکانات اور شہری امور کے وزیر مملکت Tokhan Sahu اس موقع پر موجود تھے۔ جناب منوہر لال نے کہا کہ اس سال دسمبر تک بھارتی میٹرو نیٹ ورک، امریکہ کی نیویارک میٹرو سے آگے بڑھ جائے گی۔x

## EU Ukraine

یوروپی یونین نے آج ایک روزہ ایمرجنسی مذاکرات کی شروعات کی۔ ان مذاکرات کا مقصد یوروپی یونین کی سکیورٹی کو مستحکم کرنا اور اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ یوکرین کی مکمل حفاظت کی جائے گی۔ جرمنی کے اگلے ممکنہ چانسلر Friedrich Merz اور چوٹی میٹنگ کے چیئرمین Antonio Costa نے Brussels میں بہت کم مدت میں یوروپ کے دفاعی نظام کو مضبوط کرنے کے طریقہ کار پر بات چیت کی۔ Merz نے دفاع پر ہونے والے خرچ کو بڑھانے کی خاطر تمام ممالک کے ذریعہ قرضہ لینے سے متعلق قوانین میں نرمی لانے کیلئے اس ہفتے کئی منصوبے پیش کئے۔ یوروپی پالیسی مرکز کے مفکرین نے کہا کہ امریکہ کی پالیسی میں حالیہ بدلاؤ کے مدنظر یوروپ کو دفاع سے متعلق اپنے ضروری معاملات کو سنبھالنا ہوگا۔

امریکہ نے یوکرین کے ساتھ خفیہ معلومات کے اشتراک اور فوجی امداد پر روک لگادی ہے۔ اس نے یہ فیصلہ یوکرین پر دباؤ بنانے کی ایک مہم کے تحت لیا ہے تاکہ اس کی حکومت روس کے ساتھ جاری جنگ کو ختم کرنے کیلئے وہائٹ ہاؤس کی جانب سے پیش کئے گئے منصوبہ کو تسلیم کرلے۔x

## Indo Bangla River Commission

دریاؤں سے متعلق بھارت-بنگلہ دیش مشترکہ کمیشن کی 86 ویں میٹنگ آج صبح کولکاتا میں شروع ہوئی۔ اِس میٹنگ میں بھارت اور بنگلہ دیش میں بہنے والی ندیوں کے امور سے متعلق اہم مسائل پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ دونوں ملکوں کی سکریٹری سطح کی میٹنگ کے بعد اِس سلسلے میں دونوں ملکوں کے نمائندوں پر مشتمل چھ رکنی تکنیکی کمیٹی تشکیل دی جائے گی۔ یہ تکنیکی کمیٹی اگلے تین مہینے کے دوران اِس معاہدے کے مستقبل کے بارے میں فیصلہ کرے گی۔ اِس کمیٹی کی تشکیل کے معاملے پر بھی دریاؤں سے متعلق مشترکہ کمیشن کی میٹنگ میں تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ 1996 میں بھارت اور بنگلہ دیش کے درمیان گنگا آبی معاہدے پر دستخط کیے گئے تھے۔ 30 سال پرانا معاہدہ، اگلے برس ختم ہو رہا ہے۔

اِس میٹنگ میں شرکت کرنے کیلئے بنگلہ دیش کا گیارہ رکنی وفد کولکاتہ آیا ہے۔ بنگلہ دیشی وفد نے بتایا ہے کہ میٹنگ کے ایجنڈے میں کُل 11 معاملات شامل ہیں۔ x

## Bangladesh UN

غذا سے متعلق عالمی پروگرام WFP نے کہا کہ اقوامِ متحدہ، بنگلہ دیش میں روہنگیا پناہ گزینوں کو ملنے والی ماہانہ غذائی امداد میں کٹوتی کرکے اسے اپریل سے 12 اعشاریہ پانچ ڈالر فی ماہ سے گھٹا کر 6 ڈالر فی ماہ کردے گا۔ یہ فیصلہ مالی بحران کے سبب لیا گیا ہے۔ یونائیٹڈ نیوز آف بنگلہ دیش نے فنڈس کی کمی کا حوالہ دیتے ہوئے خبر دی کہ WFP نے ایک خط میں کہا کہ وہ امداد کرنے والوں کی جانب سے معقول حمایت کو یقینی بنانے میں ناکام رہا ہے۔ اس فیصلہ پر ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے بنگلہ دیش کے اعلیٰ افسر محمد میزان الرحمٰن، جو پناہ گزینوں کے کیمپس کی دیکھ بھال پر مامور ہیں، نے کہا کہ روہنگیا پناہ گزین کو ملنے والی موجودہ مالی امداد پہلے سے ہی ناکافی ہے۔ ان حالات میں موجودہ امداد میں نئی کٹوتی سے ہونے والے نتائج کا اندازہ لگانا مشکل ہے۔

سفارتی ذرائع نے اس مالی بحران کا سبب بین الاقوامی ترقی سے متعلق امریکی ایجنسی کی جانب سے کی جانے والی مالی امداد کی معطّلی کو قرار دیاہے۔x

## Bangladesh Students

بنگلہ دیش میں بدھ کے روز طلبا نے Rajshahi میں ریلوے لائن بند کردی۔ یہ طلباء ڈھاکہ یونیورسٹی اور اقتدار میں ڈھاکہ کے مرکزی تسلط کوختم کرنے، تمام شعبوں میں تقرریوں اور لامرکزیت کا مطالبہ کر رہے تھے۔

میڈیا کی خبروں کے مطابق مظاہرین نے ایڈوائزری کونسل کی تقرریوں سے یونیورسٹی گرانٹس کمیشن UGC ڈھاکہ اور ڈھاکہ یونیورسٹی تک ہر جگہ کے غلبے کی شکایت کی ہے۔ ڈھاکہ میں پرائیویٹ یونیورسٹیوں کے طلباء نے بھی کمیٹی کی نوتشکیل طلباء تنظیموں میں پرائیویٹ یونیورسٹیوں کی مناسب نمائندگی کا مطالبہ کیا۔

## Taiwan China

تائیوان نے ان رپورٹوں کے بعد، تحمّل کا مطالبہ کیا ہے کہ چین 2025 میں اپنے فوجی اخراجات میں سات اعشاریہ دو فیصد کا اضافہ کرے گا۔ مقامی میڈیا رپورٹس کے مطابق تائیوان کی Mainland Affairs Council (میک) نے کہا کہ چینی فوج تائیوان کے قریب اپنے جنگی طیاروں کے گشت کے ساتھ دفاعی اخراجات اور جارحیت میں اضافہ کر رہی ہے۔ رپورٹس میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ تائیوان، ویتنام، نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا کے قریب سمندروں میں چینی فوجی مشقوں میں بحری حفاظت سے سمجھوتہ کیا ہے اور خطے میں تناؤ بڑھایا ہے، جس سے بین الاقوامی تشویش میں اضافہ ہوا ہے۔ کُل قومی مقنّنہ میں پیش کئے گئے ایک مسودہ بجٹ رپورٹ کے مطابق چینی حکومت، 2025 مالی سال کیلئے 246 ارب ڈالر کے دفاعی بجٹ کا مطالبہ کیا ہے، یہ سال بہ سال کے حساب سے سات اعشاریہ دو فیصد سے زیادہ ہے۔x

## Eve ISL Footbal

انڈین سُپر لیگ فٹبال میں حیدرآباد کے Gachibowli اسٹیڈیم میں حیدر آباد FC اور پنجاب FC کے

درمیان میچ جاری ہے۔ پنجاب FC کو کھیل کے دوسرے ہاف میں دو-صفر کی سبقت حاصل ہے۔کل جمشید پور کے JRD ٹاٹا اسپورٹس کمپلیکس میں اڈیشہ FC نے جمشید پور FC کو دو کے مقابلے 3 گول سے ہرایا۔ x

## WPL Crickt

کرکٹ میں خواتین پریمیئر لیگ میں لکھنؤ میں بھارت رتن شری اٹل بہاری واجپئی اِکانا اسٹیڈیم میں کھیلے جا رہے میچ میں UP Warriorz نے ممبئی انڈینس کے سامنے جیت کیلئے 151 رن کا نشانہ رکھا ہے۔ UP Warriorz نے مقررہ 20 اوورس میں 9 وکٹ پر 150 رن بنائے۔اِس سے پہلے ممبئی انڈینس نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ x

## PM Barabados Award

وزیر اعظم نریندر مودی کو کووڈ-اُنیس وبا کے دوران اُن کی اسٹریٹجک قیادت اور گرانقدر تعاون کے اعتراف میں باوقار Order of Freedom of Barbados ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔ Barbados کے Bridgetow میں منعقدہ ایک تقریب میں وزیر اعظم مودی کی طرف سے امور خارجہ کے وزیرمملکت Pabitra Margherita نے یہ ایوارڈ وصول کیا۔ x

## Arunachal Citizen Databass

اروناچل پردیش کی حکومت نے حکمرانی کو بہتر بنانے اور عوام کی بہبود کی خاطر فائدوں اور سہولیات کی موثر، شفاف اور منصوبہ بند فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے خاندان پر مبنی شہریوں کی معلومات کے ذخیرے کو قائم کرنے کی تجویز پیش کی ہے۔اروناچل پردیش اَرُن پتر اتھارٹی بل 2025 کو، جس کا مقصد معلومات کا ذخیرہ قائم کرنا ہے، آج قانون ساز اسمبلی میں ریاستی بجٹ کے خصوصی اجلاس کے پہلے دن پیش کیا گیا۔x

## PM Privet TB Event

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت کی حصولیابیوں اور کامیابیوں سے عالمی سطح پر امید کی ایک کرن دوڑ گئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ آج دنیا یہ کہہ رہی ہے کہ یہ دور بھارت کا ہے۔ نئی دلّی میں ایک نجی نیوز چینل کیلئے منعقدہ ایک پروگرام میں خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارت عالمی نشو ونما کی قیادت کر رہا ہے اور ترقی کی راہ پر تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ آج کا بھارت بڑی سوچ رکھتا ہے، بڑے اہداف طے کر رہا ہے اور قابل ذکر کارکردگی کا مظاہرہ کر رہا ہے۔x

☆☆☆☆☆☆